میں دوسری چیز یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں یہ نہیں کرنا چاہیئے کہ ہم کسی بھی اقلیت کو مجموعی طور پر جس طرح بہرہ ور سعید صاحب کا عندیہ ہے ملک دشمن یا ملک کے خلاف سازشی قرار دے دیں بہت سارے ہندو پاکستان میں اقلیت کے طور پر پاکستان کے شہری ہیں اور جب تک کسی شہری کے خلاف خواہ وہ ہندو ہو خواہ وہ مسلمان ہو، خواہ عیسائی ہو، خواہ کسی اور مذہب سے تعلق رکھتا ہو یہ ٹھوس ثبوت نہ ملے کہ اس نے ملک کے خلاف، وطن عزیز کے خلاف کوئی سازش کی ہے کوئی ایسا قدم اٹھایا ہے ہمیں محض مفروضوں پر نہیں چلنا چاہیئے کہ ہر جگہ ہندو سازش کر رہے ہیں۔ ملک میں ہندوؤں کا ایک جال پھیلا ہوا ہے اور وہ سازش کر رہے ہیں ہندو پاکستان کے شہری ہیں اور ہم یہ توقع کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ جب تک کسی شہری کے خلاف کوئی ٹھوس ثبوت نہ ہو اس کے بارے میں یہ باور کرنا ضروری ہے اور ملک کے قوانین کے مطابق بھی اور ملک کے

[Mr. Aitezaz Ahsan]

اعلیٰ مفاد میں بھی کہ وہ ملک کے ساتھ عقیدت رکھتے ہیں جس ملک میں رہتے ہیں اس کے قوانین اور اس کی سالمیت کے خلاف وہ کچھ نہیں کرتے تو یہ میری ایک گزارش ہے، یہ میں نے صرف اس لئے کہا کیوں کہ ریکارڈ پر ان کی بات بھی آئی ہے اور ان کی بات میں اس قسم کا تاثر ہے کہ سارے ہندوؤں کو شک و شبہ کی نگاہ سے دیکھنا شروع کر دیں اگر وہ پاکستان کے حامی ہیں تو ان کو مخالف کر دیں ایک دم مخالف کر دیں سب کو من حیث الجماعت، میں سمجھتا ہوں کہ ہر شخص خواہ کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتا ہو، اکثریت سے تعلق رکھتا ہو یا اقلیت سے تعلق رکھتا ہو اگر اس نے وطن عزیز کے خلاف کوئی اقدام بھی کیا تو وہ کوئی بھی حکومت ہو، پاکستان کی وفاقی حکومت ہو یا وہ سندھ کی حکومت ہو، پنجاب کی حکومت ہو سرحد کی حکومت ہو یا بلوچستان کی حکومت ہو وہ انشاء اللہ تعالیٰ ان کے خلاف ٹھوس اور کاری اقدامات لیں گی لیکن ہر معاملے کو قانون کے مطابق اور اپنی اپنی حکومت کے دائرہ کار کے مطابق لیا جائے گا اور اس مسئلے کو حل کیا جائے گا کسی کو کوئی لیبل لگا کر اس کے خلاف کوئی امتیازی سلوک نہیں کیا جائے گا ہم ثبوت اور شہادتوں پر چلیں گے۔

اگر آپ یہ مناسب سمجھیں میری اس گزارش کے باوجود کہ یہ صوبائی معاملہ ہے وہاں ایک صوبائی اسمبلی ہے وہاں ایسے معاملات اٹھائے جا سکتے ہیں وہ نمائندہ اسمبلی ہے اور وہاں کی حکومت اور وہاں کی جو انتظامیہ ہے جو منتخب انتظامیہ ہے ہماری ان کاوشوں پر گو وہ نیک نیتی پر مبنی ہوتی ہیں وہ ذرا اضطراب کا اظہار کرتے ہیں کہ جب یہ معاملات صوبائی ہیں، لا اینڈ آرڈر کا مسئلہ صوبائی ہے ہم بھی اس آئین کے تحت مجاز ہیں تو آپ کیوں مداخلت کرتے ہیں۔ بصد احترام اس اعتراض کے ساتھ میں گزارش کروں گا اور اگر اس کے باوجود آپ کو الف دیکھنا چاہیں تو میں کسی later stage پر منگوا کر آپ کو واقعات سے آگاہ

کردوں گا لیکن اس وقت تک ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا۔ تیسرا ہمیں چاہیئے کہ ہم سب کو ایک نظر سے دیکھیں جو قانون اور آئین کے مطابق ہو۔

جناب چیئرمین: شکریہ! طارق صاحب آپ مزید کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

جناب محمد طارق چوہدری: شکریہ! جناب چیئرمین! پہلے تو میں یہ گزارش کروں گا کہ اس دن جب یہ adjournment motion آئی تو میں اپنے دلائل میں یہ بات واضح کر چکا ہوں کہ کن وجوہات کی بنا پر یہ صوبائی مسئلہ نہیں ہے۔ دوسرا ہمارے اعتزاز احسن صاحب نے بڑی خوبصورت اور اچھی باتیں کی ہیں یہ بڑے اچھے وکیل صفائی ہیں انہوں نے فرمایا کہ ہندو پاکستان کے شہری ہیں بالکل وہ پاکستان کے شہری ہیں لیکن انہیں ملک کے خلاف سازشیں کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں ہے۔ یعنی انہوں نے واضح طور پر اس بات سے انکار نہیں کیا۔ نہ تو اقرار کیا اور نہ ہی پورا انکار کیا کہ کوئی ہندو نہیں پکڑے گئے انہوں نے کہا کہ میں نے district Administration سے پتہ کیا مگر اس کے باوجود انہیں اس بارے میں شک ہے .....

جناب چیئرمین: نہیں وہ یہ فرما رہے ہیں اب تک جو اطلاعات ملی ہیں اس کے مطابق ایسا کوئی واقعہ نہیں ہوا بہر حال انہوں نے مزید معلومات سندھ حکومت سے مانگی ہیں جب مل جائیں گی تو ایوان میں پیش کر دی جائیں گی۔

جناب محمد طارق چوہدری: میں اس کے بارے میں عرض کر رہا ہوں یہ ۲ر اپریل کا اخبار ہے اور یہ غالباً ۲۷ر یا ۲۸ر مارچ کا واقعہ ہے۔

جناب چیئرمین: ۳۰ر مارچ کی اخبار میں یہ چھپا ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: یہ ۲ر اپریل کا اخبار ہے جس میں حیدرآباد کے حوالے سے یہ اطلاع دی گئی ہے۔ "۸ ہندو دہشت گردوں کی گرفتاری کے چار دن بعد پراسرار تردید" جب یہ واقعہ کا ذکر سینٹ میں ہوا تو انتظامیہ نے تردیدی بیان جاری کر دیا تمام دہشت گرد پراسرار طور پر سرکاری حراست سے لاپتہ ہو چکے ہیں یہ اس کا عنوان ہے۔ اور پھر اس میں یہ بتایا گیا ہے۔ لیاقت ہسپتال سٹی برانچ سے ۸ ہندو دہشت گردوں کی گرفتاری اور اسلحے کی برآمدگی کے بارے میں ضلعی اور لیاقت میڈیکل ہسپتال کی انتظامیہ نے چار دنوں کے بعد تردیدی بیان جاری کئے ہیں کہ اس قسم کا کوئی واقعہ پیش نہیں آیا جبکہ اس سلسلے میں حقائق اس طرح بیان کئے جاتے ہیں۔ ۳۰ر مارچ کی رات کو ایدھی ٹرسٹ کی ایمبولینس کے دو ڈرائیوروں نعیم اور افتخار کو لیاقت میڈیکل ہسپتال کے قریب لوٹ لیا گیا۔ ۲۱ر مارچ کو یہ ڈرائیور کچھ مریضوں کو لے کر ہسپتال گئے تو انہوں نے "منا" نامی ایک بھنگی کو صفائی کرتے ہوئے پہچان لیا کہ گزشتہ رات یہ بھی لوٹنے والوں میں شامل تھا انہوں نے اس وقت خاکروب کی شناخت کر کے اسے پولیس کے حوالے کر دیا اسی شام پولیس نے منا کی نشاندہی پر ایک دوسرے ہندو خاکروب راجو کو گرفتار کیا اس انکشاف کے بعد مقامی ایس ایچ او نے متعلقہ ڈی ایس پی سے سول ہسپتال پر چھاپہ مارنے کی اجازت طلب کی تو ڈی ایس پی نے بھی چھاپہ مار پارٹی کے ہمراہ جانے کا عندیہ ظاہر کیا بعد میں پولیس نے سول ہسپتال پر چھاپہ مار کر ۸ ہندو تخریب کار دہشت گردوں کو گرفتار کر کے بھاری تعداد میں جدید اسلحہ برآمد کر لیا اس چھاپے اور اسلحے کی برآمدگی کی علاقے کے لوگوں نے بھی تصدیق کی تھی یہ بھی بتایا جاتا ہے کہ اسلحے کے علاوہ دہشت گردوں کے کوارٹروں سے پولیس کو جاسوسی افراد کی فہرست بھی ملی تھی جو ان کارروائیوں میں شریک تھے معلوم ہوا

ہے کہ کیس کی سنگینی کے پیش نظر چھاپہ مار پارٹی کے ایک افسر نے ایک اعلیٰ افسر کو کہا کہ یہ کیس فوج کے حوالے کر دیا جائے لیکن اس افسر نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ یہ بڑا نازک معاملہ ہے اسے فوج کے حوالے نہیں کیا جا سکتا۔

جناب چیئرمین: بس سمجھ آ گئی۔ میرے خیال میں یہ ایسا معاملہ ہے جس میں اگر مزید معلومات مل جائیں تو زیادہ مناسب ہو گا۔

جناب اعتزاز احسن: جناب اب جس واقعہ کا ذکر کیا ہے یہ اور ہے اور جو move کیا ہوا ہے اس میں کسی واقعہ کا کچھ ذکر نہیں ہے۔ اس کے بارے میں میں تھوڑی سی معلومات عرض کر دیتا ہوں۔ یہ انتہائی سنسنی خیز اور غلط خبر ہے اس میں یقیناً وہاں خاکروب گرفتار ہوئے وہ ہندو بھی نہیں، یہ واقعہ عرض کر رہا ہوں اور کوئی اتنی سنسنی خیز بات نہیں ہے کہ ایک افسر سے معلوم ہوا کہ یہ معاملہ فوج کو دیا جائے یا نہ دیا جائے اور ایک افسر نے کہا کہ فوج کو نہیں دیا جائے گا۔ اول تو بات یہ ہے کہ یہ civil Administration کا کام ہے کہ آئین کے تحت یہ فیصلہ کرے کہ کونسی ایجنسی اس کو Interrogate کرے گی اور investigate کرے گی یہ قانون ہے۔ فوج کا اس میں کوئی ایسا عمل دخل نہیں ہے لیکن یہ معاملہ ہوا ہی نہیں ہے کوئی ایسی بات ہوئی نہیں ہے یہ story اس حد تک بالکل فرضی تھی۔ اور اگر سینیٹر صاحبہ سمجھتے ہیں اور مجھے یقین ہے کہ ان کی اس بات سے تسلی نہیں ہو گی میں ان کو دعوت دیتا ہوں کہ یہ لیاقت میڈیکل کالج خود تشریف لے جائیں گورنمنٹ کے خرچ پر جائیں اور وہاں جا کر خود اس واقعہ کا خاکروبوں سے بھی پتہ کر لیں کہ کیا ہوا اور کس قدر یہ سنسنی خیز خبر تھی یہ خود پتہ کر لیں میں اس سے زیادہ اور کچھ اس کے بارے میں عرض نہیں کر سکتا۔ البتہ میں

[Mr. Aitezaz Ahsan]

اس پر اصرار کروں گا کہ یہ صوبائی معاملہ ہے۔

جناب چیئرمین: جتوئی صاحب میں اس معاملے پر debate allow نہیں کروں گا آپ بیٹھ جائیں یہ adjournment motion ہے اس پر بحث نہیں ہوا کرتی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: اس طرح کی باتیں کی گئی ہیں.....

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے انہوں نے کی ہیں اور وزیر صاحب اس کا جواب دیں گے اس پر debate allow نہیں کی جا سکتی۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: لیکن میں حیدر آباد سے تعلق رکھتا ہوں میرا.....

جناب چیئرمین: صحیح ہے آپ اس کو کسی اور طریقے سے لے آئیں لیکن adjournment motion کی admissibility پر بحث ہو رہی ہے.....

جناب اعجاز علی خان جتوئی: تو پھر پوائنٹ آف آرڈر پر کھڑا ہو جاتا ہوں۔

جناب چیئرمین: پوائنٹ آف آرڈر بھی نہیں بنتا۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: اس میں انہوں نے باتیں.....

Mr. Chairman: Mr. Jatoi, please, let us follow the rules wherever we can

آپ اس مسئلے کو.....

جناب اعجاز علی خان جتوئی: میں information دینا چاہتا تھا۔

جناب چیئرمین : آپ علیحدہ ان کو جا کر دے دیں لیکن ہاؤس میں.....

جناب اعجاز علی خان جتوئی : لیکن میں ہاؤس میں دینا چاہتا ہوں تاکہ ریکارڈ پر رہے.....

جناب چیئرمین : دیکھئے ایسی بات نہ کریں جو wrong precedent بن جائے اور پھر دوسرے حضرات بھی بعد میں بولنے کے لئے کہیں ہر ایک مسئلے پر debate کی جائے تو کیسے کام چلے گا۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : یہاں پر ایسی باتیں ہو رہی ہیں جو بالکل.....

جناب چیئرمین : آپ کے ایک بھائی نے کی ہیں ایک سینیٹر نے کی ہیں۔ وہ ذمہ دار سینیٹر ہیں۔ وزیر صاحب ایک ذمہ دار وزیر ہیں۔

so, why do you feel that you can.....

جناب اعجاز علی خان جتوئی : میرا تعلق وہاں سے ہے اس لئے میں چاہتا تھا.....

جناب چیئرمین : یہ adjournment motion ہے آپ رولز دیکھ لیں اگر رولز کے مطابق.....

جناب اعجاز علی خان جتوئی : آپ نہیں سننا چاہتے تو آپ کی مرضی ہے.....

جناب چیئرمین : میں رولز کے مطابق آپ کو ضرور سنوں گا رولز کے خلاف نہیں سنوں گا میرے خیال میں یہ مناسب ہو گا چونکہ آپ

کچھ واقعات نئے لائے ہیں اور وزیر صاحب پہلے ہی کہہ چکے ہیں کہ انہوں نے سندھ حکومت سے معلومات مانگی ہیں لہٰذا اس کو مؤخر کر دیتے ہیں تاکہ معلومات آجائیں پھر اس کی روشنی میں فیصلہ کریں گے۔

جناب محمد طارق چوہدری: بالکل ٹھیک ہے۔ یہ بہتر رہے گا۔

Mr. Chairman: So, we will defer this. Next is adjournment motion No. 12 Tariq Chaudhary Sahib.

میرے خیال میں اب نماز کا وقت ہو رہا ہے اس کو defer کرتے ہیں اور چھ منٹ مزید ہیں تو آپ طارق صاحب اپنی دوسری موشن پڑھ دیں۔

II) RE: FAILURE OF THE FEDERAL GOVT. TO PROVIDE FUNDS TO THE GOVT. OF THE PUNJAB

جناب محمد طارق چوہدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ میں تحریک کرتا ہوں کہ عوامی اہمیت کے حامل اس قومی مسئلے کو فوری طور پر زیر بحث لایا جائے کہ پنجاب کے وزیر خزانہ نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت پنجاب حکومت کو فنڈز مہیا کرنے سے انکاری ہے۔ ملازموں کی تنخواہوں، پنشنوں، الاؤنسوں، لیبر کالونیوں اور ویمن ڈویژن کے لئے فنڈز دینے کا وعدہ کیا گیا لیکن سوائے الیکشن کے اخراجات کے بقایا رقم ادا نہیں کی گئی۔ ملک کے وسائل اور آمدنی پر پیشتر ٹیکس، بین الاقوامی قرضے اور امداد سب پر براہ راست مرکزی حکومت کو کنٹرول حاصل ہے اور صوبوں کی آمدنی اور ٹیکس کی حدیں بہت ہی محدود ہیں لہٰذا تمام صوبے مرکزی حکومت سے امداد حاصل کر کے اپنے اخراجات پورے کرتے ہیں۔ لیکن پنجاب اور مرکزی حکومت کی سیاسی مسابقت کو صوبے بھر کے عوام کے ترقیاتی اور غیر ترقیاتی اخراجات پر پابندی لگا کر کس کو سزا دی جا رہی ہے یہ انتہائی اہمیت کا حامل توجہ طلب

مسئلہ ہے جس پر فوری بحث کر کے اس کا حل تلاش کیا جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

Mr. Ihsanul Haq Piracha: I oppose it, Sir.

Mr. Chairman: It is being opposed,

جناب طارق صاحب آپ admissibility پر بات کریں۔

How is it admissible, how it is a matter of urgent public importance, how it is a matter which comes within the purview of an adjournment motion.

جناب محمد طارق چوہدری: جناب والا! پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ مرکزی حکومت سے متعلق ہے کیونکہ ملک کے تمام وسائل جو ہیں وہ براہ راست مرکزی حکومت کے پاس ہیں اور تمام ٹیکس مرکزی حکومت کے پاس جمع ہوتے ہیں جو وہ امداد کی شکل میں یا قرضوں کی شکل میں صوبوں میں تقسیم کرتی ہے، اور صوبے اس سے اپنے ترقیاتی اور دوسرے اخراجات پورے کرتے ہیں۔ بہت تھوڑا حصہ ایسا ہوتا ہے جو صوبے براہ راست اپنی آمدنی یا ٹیکسوں سے پورا کرتے ہیں۔ زیادہ تر پیسوں کے حصول کا تعلق مرکزی حکومت سے ہے۔ یہ مسئلہ فوری توجہ طلب اس لئے ہے کہ جناب جو موشن میں نے آپ کے سامنے پیش کی، اس کا تعلق براہ راست پنجاب کے وزیر خزانہ جناب امجد حمید دستی کے بیان اور پریس کانفرنس سے ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ "وفاقی حکومت پنجاب حکومت کو فنڈز دینے کے وعدے سے مکر گئی ہے۔ ہم مظلوم ہیں، کہاں جائیں۔ ہمیں ہمارا حق نہ دے کر زیادتی کی جا رہی ہے، کوئی ہماری مدد کرنے والا نہیں، فنڈز حاصل کرنے کے لئے اللہ سے دعا کرنے کے سوا کوئی چارہ کار نہیں ہے، ملازموں کی تنخواہوں، پنشنوں، الاؤنسوں، پیر کالونیوں اور ڈیمن ڈویژن کے لئے فنڈز دینے کا وعدہ کیا گیا مگر صرف عام

انتخابات کے پیسے دیئے گئے۔ ۲۲ فروری کو وزیر مملکت برائے خزانہ حکومت پاکستان نے مذاکرات میں صاف "ناں" کر دی۔ صوبائی وزیر خزانہ امجد دستی کا بیان۔"

جناب چیئرمین: آپ admissibility پر بات کریں کہ How is this admissible? یہ تو ان کا بیان ہے کہ وہ کہہ رہے ہیں کہ پیسے نہیں دے رہے ہیں آپ یہ بتائیں کہ adjournment motion یہ کیسے بن گئی۔

جناب محمد طارق چوہدری: جناب والا! یہ ایڈجرنمنٹ موشن ایسے بنتی ہے کہ نہ وہاں پر ملازمین کو تنخواہیں دی جا سکتی ہیں، نہ میرے صوبے کے ترقیاتی کام ہو سکتے ہیں، وہاں کوئی ترقیاتی اور غیر ترقیاتی کام ہی نہیں ہو سکتا، کیونکہ فنڈز انہوں نے دینے ہیں پیسے پنجاب حکومت نے لینے ہیں۔ اس کے لئے باقاعدہ ایک طریقہ کار ہے، باقاعدہ تقسیم کا نظام ہے۔ اب فنڈز ان کے پاس ہیں، یہ اگر ان کو release نہ کریں تو وہاں پر نہ تنخواہیں دی جا سکتی ہیں اور نہ کوئی وہاں کام ہو سکتا ہے۔ تو اس صورت میں جناب والا! آپ خود ہی فرمائیے کہ کیا یہ فوری توجہ کا مسئلہ ہے یا نہیں میں اس کے بارے میں سارے حقائق آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں اور جو حقائق انہوں نے بیان کئے ہیں، ان کو سامنے رکھتے ہوئے میں نے آپ کو یہ تکلیف دی ہے۔ اس پورے ایوان کے سامنے اس کیس کو اٹھایا ہے۔ اگر آپ اجازت دیں تو میں اس کیس کو دو چار منٹ میں پیش کر دوں۔

جناب چیئرمین: یہی تو پوچھ رہا ہوں کہ واقعات تو سامنے آ گئے ہیں، اب آپ بتائیں کہ یہ adjournment motion کیسے بنتی ہے۔

جناب محمد طارق چوہدری: نہیں جناب! واقعات ہی تو سامنے نہیں آئے۔ میں عرض کرتا ہوں کہ انہوں نے یہ کہا کہ ۲۰ر نومبر ۱۹۸۹ء کو اسلام آباد میں وفاقی اور صوبائی وزراء کے درمیان ایک اجلاس کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا کہ مرکز اور پنجاب کے درمیان فنڈز جاری کرنے کا مسئلہ تکنیکی ماہرین حل کریں گے۔ چنانچہ اس سلسلے میں ۱۲ر دسمبر اور ۱۷ر دسمبر کو اسلام آباد میں مرکز اور پنجاب کے تکنیکی ماہرین کے درمیان بات چیت ہوئی اس موقع پر صوبے کے سرکاری محکموں کے ملازمین کی تنخواہوں، پنشن اور سیکریٹریٹ الاؤنس میں اضافہ، عام انتخابات کے اخراجات، لیبر کالونیوں اور دیہی ڈویژن کے لئے فنڈز کے بارے میں مذاکرات ہوئے۔

ہم نے تنخواہوں میں اضافہ کے لئے ۲۲ کروڑ ۸۰ لاکھ روپے مانگے تو وفاقی حکومت کی کمیٹی نے کہا کہ ہم ۲۲ کروڑ ۲۰ لاکھ روپے ادا کریں گے۔ پنشنوں میں اضافہ کے لئے ۸ کروڑ ۱۵ لاکھ روپے کا تقاضا کیا جبکہ مرکز نے ۵ کروڑ ۲۸ لاکھ روپے دینے پر آمادگی ظاہر کی سیکریٹریٹ الاؤنس کے لئے ہم نے دو کروڑ ایک لاکھ روپیہ مانگا، جس پر انہوں نے آمادگی ظاہر کر دی۔ مرکزی حکومت نے عام انتخابات پر پنجاب میں خرچ ہونے والے ۸ کروڑ ۸۸ لاکھ روپے ادا کرنے کا وعدہ بھی کیا تھا لیکن عام انتخابات کے اخراجات کے سوا وفاقی حکومت نے خود ہی وعدہ کر کے خود ہی باقی تمام فنڈز نہ دینے کی مہم شروع کر دی۔ ۲۲ر فروری ۱۹۹۰ء کو وزیر مملکت برائے خزانہ نے ہمیں یہاں پر مذاکرات میں صاف صاف انکار کر دیا اور لیبر کالونیوں اور دیہی ڈویژن کے فنڈز کے بارے میں کہا کہ آپ وفاقی لیبر اور دیہی ڈویژن سے بات کریں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں لیبر کالونیوں کی تعمیر کے لئے ۲۲ کروڑ ۷۰ لاکھ روپے اور دیہی ڈویژن کے لئے چار کروڑ روپے کی ضرورت ہے جو ابھی تک نہیں ملے۔ وفاقی حکومت کی طرف سے پنجاب میں ۲۹ لیبر کالونیاں تعمیر کرنے کی منظوری دے دی

گئی ہے۔ ۱۲ منصوبوں پر کام شروع ہو چکا ہوا ہے جب کہ باقی ۱۷، فنڈ مہیا نہ ہونے کے باعث التواء کا شکار ہیں۔ تو یہ جناب وہ حقائق ہیں جو ایک ذمہ دار وزیر نے بیان کئے۔ ہمارے صوبے کا مسئلہ ہے۔ مرکزی حکومت نے فنڈز release کرنے ہیں۔ اگر یہ ہمارے کروڑوں غلام کرانی مسابقت کی جھینٹ چڑھانا چاہ رہے ہیں تو بہرحال ہم ایسا نہیں ہونے دیں گے۔ میں چاہتا ہوں کہ وزیر صاحب اس کی وضاحت کریں اور فی الواقعہ ہمیں موقع دیا جائے کہ ہم یہ سارے حقائق اکٹھے کر کے جن میں پنجاب کی حکومت کا موقف ہو اور ان کا موقف ہو، ان پر یہاں بحث کر سکیں، یہ بڑا serious مسئلہ ہے پہلے ہی پنجاب کے کسان، پنجاب کوآپریٹو بنک کو فنڈز مہیا نہ ہونے کی وجہ سے گزشتہ ڈیڑھ برس سے بڑی مشکلات میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اور جو کچھ مرکزی حکومت کے بس میں ہے، اور ان کے ہاتھ میں ہے، اس سے پنجاب کی حکومت کو جو سزا یہ دینا چاہتے ہیں دے ہی رہے ہیں لیکن پنجاب کے عوام کو اس کی سزا نہ دیں یہ خود بھی وہیں سے تعلق رکھتے ہیں لہٰذا میں یہ چاہوں گا کہ اس کو بحث کے لئے منظور کیا جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب وزیر خزانہ صاحب۔

قاضی عبداللطیف: میں جناب کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جی فرمایئے۔

قاضی عبداللطیف: میں اس تحریک کے سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں۔۔۔

جناب چیئرمین: دیکھیں ناں، میں نے پہلے بھی جتوئی صاحب کو ایک تحریک کے سلسلے میں بات کرنے نہیں دی میں نے ان کو بھی یہی کہا تھا کہ تحریک پر کسی دوسرے ممبر کو بات کرنے کی اجازت نہیں دی

جا سکتی کہ وہ اس کی مزید وضاحت کرے۔

قاضی عبداللطیف: میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ تحریک التوا کا موضوع کیسے بنتا ہے۔

جناب چیئرمین: یہ آپ طارق چوہدری صاحب کو ہی بتا دیں وہی اسے بیان کر دیں گے، قاضی صاحب، تشریف رکھیں - وزیر خزانہ صاحب۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: جناب والا! پہلے ایسے مواقع پر اجازت دی گئی ہے۔

جناب چیئرمین: extra-ordinarily کوئی ایسی بات ہوئی ہو تو شاید اجازت دی گئی ہو ورنہ normally ایسا نہیں ہوتا۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: وہ سندھ کا معاملہ تھا اس لئے میں بات کرنا چاہتا تھا۔

جناب چیئرمین: ویسے تو کوئی بھی مسئلہ ہو گا تو وہ سندھ کا ہو گا، پنجاب کا ہو گا، سرحد کا ہو گا یا بلوچستان کا ہو گا۔ کسی کا تو ہو گا۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین صاحب! نماز کا وقت ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین: اب میں ایوان کو سوا سات بجے تک کے

[Mr. Chairman]

لیے ملتوی کرتا ہوں اور ساتھ یہ گزارش بھی کروں گا کہ آپ سب حضرات ٹھیک سوا سات بجے تک ایوان میں آجائیں کیونکہ چین کا ایک وفد یہاں آئے گا اور ہم ان کو مناسب طریقے سے welcome کرنا چاہتے ہیں۔

So, it is adjourned till 7.15 PM.

(The House adjourned for prayer)

[The House re-assembled after interval with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair]

WELCOME TO THE CHINESE DELEGATION LED BY CHAIRMAN, WAN LI

Mr. Chairman: Gentlemen, before we proceed further with the regular proceedings of the House, I would like to express my great pleasure informing the honourable Senators that a high powered delegation from our neighbouring and friendly country, the People's Republic of China is today in the Senate witnessing the proceedings of the House.

(Thumping of desks)

The delegation is led by His Excellency, Mr. Wan Li, Chairman, standing committee of the National People's Congress and include His Excellency Mr. Cao Zhi member and Deputy Secretary General of the standing committee of the National People's Congress, His Excellency, Mr. Qi Huaiyuan, Vice Foreign Minister of China and many other distinguished personalities drawn from various organizations of a very dear and brotherly country, People's Republic of China. As you all know Pakistan and China have a long and illustrious history of very cordial and most friendly relationship. The relationship has been tested by time and is based on shared perceptions on all matters of mutual interest. On behalf of the members of the Senate and on my own behalf I extend the most warm welcome to the distinguished visitors from the People's Republic of China.

(Thumping of desks)

Syed Faseih Iqbal: Sir, I propose that we should give a standing ovation to our honourable guests.

Mr. Chairman: Yes, the honourable Senator has proposed that we give a standing ovation to our honourable guests.

(Thumping of desks)

Thank you, gentlemen.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔

جناب چیئرمین: جی جناب ڈاکٹر شیر افگن صاحب۔

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: Sir, the Ministers who are Members of the National Assembly sitting on the floor I will request you to add a few things on their behalf.

جناب چیئرمین: آپ کچھ کہنا چاہتے ہیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: نہیں جناب۔ آپ جبکہ شکریہ ادا کر رہے ہیں تو اس میں اُن کا بھی ذکر کر دیں۔

Mr. Chairman: The honourable Minister has informed me that there are Members of the National Assembly who have the privilege of sitting in the Senate by virtue of the constitutional privilege given to them and I should also express gratitude and welcome them on behalf of the Members of the National Assembly sitting in the Senate of Pakistan. I hereby welcome the delegation also on behalf of the Members of the National Assembly sitting here. Thank you very much.

Now, we proceed with the normal business of the House, the half of an hour for adjournment motions is over. Now, we will deal with the next item on the agenda which is Item No. 3, motion to be moved by Syed Faisal Saleh Hayat.

پروفیسر خورشید احمد: جناب adjournment motion کے بارے میں عرض ہے کہ we were in the middle of the discussion اور ابھی پانچ چھ منٹ باقی تھے۔

[Prof. Khurshid Ahmed]

and the Finance Minister had to explain his position, should we not conclude that?

Mr. Chairman: I think, he will take a longer time to explain the position, it will take probably more than five minutes.

(Interruption)

کتنا وقت آپ کو چاہیئے ہوگا۔

جناب احسان الحق پراچہ : دس پندرہ منٹ سے زیادہ نہیں جناب۔

Mr. Chairman: If you will take about fifteen minutes, so I think it will be appropriate to take it up next time, because if the Minister's speech is left incomplete, I think even that would not be appropriate.

چونکہ وقت تقریباً پورا ہو چکا تھا اس لئے میرا خیال تھا کہ اس کو پھر take-up کر لیا جائے۔

پروفیسر خورشید احمد : پوائنٹ آف آرڈر جناب چیئرمین! میں یہ پوائنٹ آف آرڈر اپنے معزز مہمانوں کے سامنے نہیں اٹھانا چاہتا تھا۔ لیکن میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ قومی اسمبلی کے ارکان جب سینٹ میں بحیثیت وزیر شریک ہوں تو اس وقت وہ سینٹ کا حصہ ہوتے ہیں۔ اور یہ بے قاعدگی ہمارے وزیر صاحب نے کی کہ جبکہ نیشنل اسمبلی کا سیشن نہیں تھا انہوں نے نیشنل اسمبلی کے ارکان کے behalf پر اور سینٹ کا سہارا لے کر یہ بات کہی۔ آپ نے جو بات کہی تھی اس میں سب شریک تھے۔ انہوں نے بے قاعدگی کی ہے لیکن ہم نے یہ پسند نہیں کیا کہ مہمانوں کے سامنے یہ بات کریں لیکن یہ ضروری ہے کہ ریکارڈ پر یہ بات رہے۔

Mr. Chairman: Dr. Sher Afgan Khan Niazi, on a point of order.

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: May I explain this position? As I have heard you very clearly, "on behalf of the Senate and the Senate Members",

you have rightly used the word only Senators and as the Ministers were sitting here, if this would have been like this, the Ministers sitting alongwith the members of the Senate, in an honourable august House....

(interruptions)

That is the point.

Prof. Khurshid Ahmed: Totally incorrect. Senate is one thing and the Senators are the other thing.

جناب چیئرمین: بہرحال بات ختم ہوگئی۔ The fact of the matter is کہ آپ کی طرف سے بھی سب کی جانب سے اپنی جانب سے آپ سب کی ترجمانی کرتے ہوئے میں نے پرجوش طریقے سے ان کو خوش آمدید کہا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ میں نے ملک کی ترجمانی کی ہے جب میں کہتا ہوں کہ ہم اپنے دوستوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔

جناب عبدالمجید قاضی: آپ نے جناب بالکل صحیح ترجمانی کی ہے۔

Mr. Chairman: Thank you.

Now we go to the next item which is item No. 3 Syed Faisal Saleh Hayat.

Dr. Sher Afgan, Minister of State for Parliamentary Affairs.

REPORT OF ACCOUNTS OF THE EXPORT CREDITS GUARANTEE SCHEME -- LAID

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: I beg to lay before the Senate the Annual Report and Statement of Accounts of the Export Credits Guarantee Scheme for the year ended 31st December, 1988, as required under Rule 20(b) of the Export Credits Guarantee Scheme Rule, 1962, framed under section 45 of the Pakistan Insurance Corporation Act, 1952 (XXXVIII of 1952)

Mr. Chairman: The Annual Report and Statement of Accounts of the Export Credits Guarantee Scheme stands laid on the Table of the House.

[Mr. Chairman]

Item No. 4, Dr. Sher Afgan, Minister of State for Parliamentary Affairs.

ANNUAL REPORTS OF FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION -- LAID

Dr. Sher Afghan Khan Niazi: I beg to lay before the Senate a copy each of the Annual Reports of the Federal Public Service Commission for the year, 1986, 1987 and 1988, as required under sub-section (1) of Section 9 of the Federal Public Service Commission Ordinance, 1977 (XLV of 1977).

Mr. Chairman: Thank you.

The reports stand laid on the Table of the House.

Item No. 5, Syed Iftikhar Hussain Gilani.

Syed Iftikhar Hussain Gillani: Mr. Chairman, Sir, if we are adjourning the House today then I beg that this matter .... because I would like to speak on this.

Mr. Chairman: You see, actually there is a motion for reference to the Standing Committee.

Syed Iftikhar Hussain Gillani: I just wanted to make a request to the House and to you the reasons for not taking-up this motion now.

Mr. Chairman: Would you be opposing a reference to the Standing Committee or no?

Syed Iftikhar Hussain Gillani: Yes, I would be opposing to it.

Mr. Chairman: Why don't you discuss it with your members before the motion is taken up?

سید افتخار حسین گیلانی: وہی کہہ رہا ہوں۔

جناب چیئرمین: تو پہلے ان سے بات کرلیں

before you are moving it

پھر پیش نہیں کرتے ان سے پہلے آپ بات کرلیں۔

سید افتخار حسین گیلانی: آج شاید adjourn بھی ہونا ہے۔

for the dinner I believe the House is to be adjourned early.

Mr. Chairman: Right. Next, Mr. Ahmedmian Soomro.

آپ کی report ہے۔

(interruptions)

Mr. Chairman: Because adjournment motion has been listed at No. 7 but it should be item No. 8. Because under the rules an adjournment motion is to be taken at the end.

Yes please, Mr. Ahmed Mian Soomro.

Mr. Ahmadmian Soomro: Sir, I beg to move that the report of the Special Committee on the Situation in Sindh (alongwith the note of dissent etc.) presented to the Senate be discussed.

DISCUSSION ON THE REPORT OF THE SPECIAL COMMITTEE ON THE SITUATION IN SINDH.

Mr. Chairman: Mr. Ahmadmian Soomro, would you please say something on this?

Mr. Ahmad Mian Soomro: Yes, Sir.

Mr. Chairman: I think, this report will take sometime and what I suggest to you is that may be we can allot a little time every day so that the other business of the House is not affected. May be about half an hour or so at the end of the day can be taken up for discussion of this report. Is that acceptable, Dr. Sher Afgan?

باقی بھی تو کام ہے مثلاً legislation ہے، بہت سے کام ہیں تو تقریباً آدھا گھنٹہ ایک دو تقریریں ہو جائیں اور دوسرا at the end of the day کام بھی ساتھ ساتھ چلتا رہے۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میرے خیال میں یہ مناسب

[Prof. Khurshid Ahmed]

نہیں ہے اس کے لئے آپ پورا ایک دن رکھ لیں۔

جناب چیئرمین: پروفیسر صاحب، میری بات احمد میاں صاحب سے بھی ہوئی تھی کچھ legislation ہے۔

which has to be taken up because 90 days' period will be elapsing on the 19th of this month. So that is a matter of urgency and therefore, if we take up this matter exclusively, the other matters which require to be considered within this time period then we will not be able to take up those matters.

Mr. Ahmadmian Soomro: There is another reason also.

پروفیسر خورشید احمد: اس کی ۱۹ تاریخ ہے اور ۱۹ میں ابھی پورے سولہ دن ہیں۔

جناب چیئرمین: جناب اس میں میں آپ سے عرض کروں گا کہ آج تین تاریخ ہے اس کے بعد دو چھٹیاں آجاتی ہیں۔

We have a working day on 6th which is a Private Members' Day.

پروفیسر خورشید احمد: اتوار سے آپ برابر اجلاس کریں۔

جناب چیئرمین: اس کے بعد ہمارے پاس صرف سرکاری کارروائی کے لئے دو دن ہوتے ہیں اور ایک غیر سرکاری کارروائی کا دن ہوتا ہے لہٰذا وقت نہیں ہے اب یہ ایک بل بھی ہے جو آپ کے سامنے آگیا ہے دو بل قائمہ کمیٹیوں کو گئے ہوئے ہیں وہ بھی آئیں گے آپ کی تحاریک التوا بھی پیش ہوتی ہیں، سوالات بھی ہوتے ہیں یہ ساری چیزیں ہوتی ہیں اس لئے تھوڑا تھوڑا وقت نکال کر روزانہ اس رپورٹ پر بحث بھی کرلی جائے۔

This is a suggestion.

Prof. Khurshid Ahmed: Why cannot we work for five days?

جناب چیئرمین: بہرحال آپ آپس میں discuss کرلیں۔

This is a suggestion, I thought. Anyhow please discuss it and whatever proposal you will make we will make we will consider that.

Yes, please Mr. Ahmedmian Soomro.

Mr. Ahmadmian Soomro: Sir, I just like to point it out that the working programme depends a good deal on the government benches. We have only two days in a week. In two days, we hardly have an hour left for business. By the time we have to deal with the question hour, adjournment motions, privilege motions, etc. We have found that we hardly have one hour. So, two hours in a week we have totally at our disposal. The important government business which, as you rightly pointed out, if not dealt with before the 19th of this month, would expire. We do not know as to how long the government intend to continue this session? Therefore, unless we hear from them how long they propose to continue this session, it will be difficult to draw up an exact programme. One day would not be enough because many people would like to speak on this report and I think that one day would not be enough for that.

Mr. Chairman: So, would you then consider this proposal of having a little time everyday so that at the end of the day we can take up this matter?

Mr. Ahmad Mian Soomro: I think there is no other alternative because I would like to request the honourable Minister to let us know as to how long the session is going to last and only then we can set our programme?

Mr. Chairman: Mr. Law Minister, could we have an idea as to when you intend to prorogue this session?

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جب تک یہ بل پاس نہیں ہو جاتے اجلاس prorogue نہیں ہوگا اور اس وقت تک میرے خیال میں یہ رپورٹ بھی اس حد تک discuss ہو جائے گی چاہے 19 تاریخ تک جائے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: وزیر قانون موجود ہیں ڈاکٹر صاحب کو بات کرنے

[Akhunzada Behrawar Saeed]

کی کیا ضرورت ہے۔

جناب چیئرمین: پارلیمانی امور کے یہ وزیر مملکت ہیں۔

Law Minister does not deal with the Parliamentary Affairs.

بہرہ ور سعید صاحب، پارلیمانی امور سے اب ڈاکٹر شیرافگن صاحب متعلقہ ہیں۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی: یہ بہرہ ور تو ہیں لیکن معلوم نہیں ہو رہے، جناب والا آپ کے ساتھ چلیں گے۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: میں کبھی یہ نہیں مانتا کہ یہ (ڈاکٹر شیرافگن صاحب) وزیر قانون سے زیادہ بہتر جانتے ہیں۔

جناب چیئرمین: بات تو سن لیں۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی: جس طرح آپ فرمائیں گے یہ رپورٹ بھی discuss ہو جائے گی۔

جناب چیئرمین: اب کل اور پرسوں چھٹی ہے اتوار کے دن آپ مہربانی کر کے ہمیں بتا دیں کہ آپ کا کیا پروگرام ہے، کیونکہ مجھے کسی نے یہ بھی بتایا تھا کہ غالباً قومی اسمبلی کا اجلاس بھی آپ بلانا چاہتے ہیں۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی: جناب وہ بارہ تیئی کو بلایا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین: پھر دونوں ساتھ ساتھ چلیں گے۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی: پہلے بھی alternate days پر چلتے رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ ہمیں اتوار کو بتا دیں کہ آپ کے ذہن میں کیا پروگرام ہے تاکہ اس کے مطابق ہم اپنا باقی پروگرام بنا لیں۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! ہمارا پروگرام تو یہ ہے جیسا کہ آپ نے خود فرمایا کہ ایک تو سارے بل پاس ہو جائیں ورنہ وہ lapse ہو جائیں گے دوسری بات جیسا کہ آپ نے عندیہ ظاہر کیا ہے کہ چونکہ یہ رپورٹ بہت اہم ہے اور اس کے لئے آدھا گھنٹہ یا quarter of an hour may be کا وقت رکھ دیا جائے تو اس طرح سے جتنا وقت باقی بچے گا وہ اس میں صرف کیا جائے گا اور تمام ممبر صاحبان بھی بول لیں گے جب تک یہ دو کام ختم نہیں ہو جاتے اس وقت تک Session prorogue نہیں ہو گا۔

Mr. Chairman: Right. That is your firm programme. Because I have got some different kind of information this morning.

Mr. Ahmadmian Soomro: May I tell that Dr. Sahib told other day in the meeting rightly or wrongly that they are going to prorogue the Senate session on the 6th when I pointed out to him then your Bills would lapse.....

Mr. Chairman: The Committee proceedings are not to be disclosed in the House.

Mr. Ahmad Mian Soomro: I am not discussing the proceedings, Sir .....

(interruption)

Mr. Chairman: I think, this rule was made precisely for this kind of situation.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: اسی لئے تو ۸ تاریخ کو میٹنگ رکھی تھی اور اسی لئے یہ اجلاس کا وقت بڑھایا گیا ہے ورنہ تو.....

It was decided to be prorogued on the 6th.

Mr. Ahmadmian Soomro: I just made a mention.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: اسی لئے ۸ کو یا ۹ کو قائمہ کمیٹی کی میٹنگ رکھی گئی تھی تاکہ اس کو دیکھ کر فیصلہ کریں کہ جب تک بل پاس نہ ہو جائیں.....

Mr. Ahmadmian Soomro: So, I take it Sir, that the Minister has assured the House that the session will not be prorogued till we finish with the Sindh Report also.

Mr. Chairman: So, that is a very fair assurance and now we can proceed with the business. Soomro Sahib, would you like to say a few words on the report or would you like to reserve it for the next day.

Mr. Ahmadmian Soomro: Sir, I mean if I have to say a few words it will take at least 15 or 20 minutes. If you have those 15 or 20 minutes today I would start.

Mr. Chairman: I don't think we have those 15 minutes today because Ministers will probably have to go.

Mr. Ahmadmian Soomro: Even if I am very brief it will not take less than 15 or 20 minutes. Therefore, I will reserve my right to reply in the end Sir.

Mr. Chairman: So, then we take up the adjournment motions which have been admitted. This is the adjournment motion by Qazi Abdul Latif Sahib on the circulation of the proforma by the Establishment Division to be filled in by all the Officers of various occupational groups asking them to divulge their own as well as their parents' political affiliations and then second adjournment motion by Mr. Sartaj Aziz on the withdrawal of powers of the Federal Public Service Commission for recruitment and setting up of a parallel Recruitment Board by the Federal Government.

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! اگر اجازت ہو تو میں اس سلسلے میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں۔ یہ مکمل طور پر withdraw ہو گیا ہے۔

جناب چیئرمین! اگر ایسا ہے تو آپ mover سے بات کر لیں۔

if they do not want to discuss this

وہ اسے withdraw کر لیں۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: The thing has gone.

جناب چیئرمین : وہ صحیح ہے۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی : پروفارما وغیرہ تمام withdraw ہو چکا ہے۔

جناب چیئرمین : جو محرک ہیں آپ ان سے بات کریں۔ تاکہ.....

if they feel

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی : وہ withdraw ہو چکا ہے کسی قسم کا پروفارما اب نہیں ہے۔ میں استدعا کروں گا۔

جناب چیئرمین : قاضی صاحب کی بات سن لیں۔

قاضی عبداللطیف : میں گزارش کروں گا کہ وزیر محترم نے فرمایا ہے کہ ہم نے اسے واپس لے لیا ہے ہم اس کے لئے مشکور ہیں لیکن کم از کم ہمیں یہ تبلایا جائے اس کے پیش کرنے کی پہلے وجوہات کیا تھیں اور اس کی واپسی کی اب وجوہات کیا ہیں۔ اس لئے کہ جمہوریت کے بعض نازک ترین ادراق ایسے ہیں جو ہم لوگوں کی سمجھ میں نہیں آتے مثلاً پلیس منٹ بورڈ وغیرہ یا اسی طریقے سے پیپلز پروگرام وغیرہ یا اسی طریقے سے پبلک سروس کمیشن کو ناکارہ بنانے کی تجاویز یہ کچھ ایسی تجاویز تھیں جو ہماری سمجھ سے بالاتر تھیں انہوں نے جو فارم تمام سرکاری ملازمین کو بھیجے تھے اس کو ہٹلر اور مسولینی تو سمجھ سکتا تھا ہماری سمجھ سے تو یہ جمہوریت بالاتر ہے اس لئے ہم پوچھتے ہیں کہ اگر انہوں نے پیش کیا تھا تو اس کی وجوہات کیا تھیں ممکن ہے اس میں کچھ اچھی چیزیں ہوں وہ ہماری سمجھ میں آجائیں اور اگر انہوں نے اس کو withdraw کر لیا ہے تو ان کی وجوہات ہمیں تبلائی جائیں اس لئے میں ان سے گزارش کروں گا کہ صرف اتنی بات کافی نہیں ہے کہ وہ فرما رہے ہیں کہ ہم نے withdraw کر لیا ہے۔ withdraw کرنے کی وجوہات اور پیش کرنے کی وجوہات ہمیں تبلائی جائیں۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی : جناب والا یہ valid بات ہے.....

جناب چیئرمین : ایک منٹ ان کی بھی بات سن لیں، سرتاج عزیز صاحب آپ اس پر مزید کچھ کہنا چاہیں گے۔

جناب سرتاج عزیز : یہ دونوں الگ الگ چیزیں ہیں۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی : جناب والا! میں قائد ایوان صاحب کا مشکور ہوں کہ انہوں نے دیر پوچھی دیر صاف ظاہر ہے کہ یہ بھوریت ہے کہ ایک بات جو ان کو اچھی نہیں لگی جب اس کا تجزیہ کیا گیا وہ درست نہیں نکلی اس موجودہ حکومت کو کریڈٹ جاتا ہے کہ وہ اس پر مصر نہیں ہوئی۔ ہم نے مزید دلائل نہیں دیئے بلکہ یہاں یہ اعتراف کیا ہے کہ ہم نے وہ واپس لے لیا ہے اور قائد ایوان صاحب کو یہ احساس ہونا چاہیئے میں ان کا مشکور ہوں کہ انہوں نے اس کی نشاندہی کی اور ہم نے اپنی درستی کی اور یہ بھوریت کی اساس ہے اور یہ بھوریت کی وجہ ہے اور یہ اس گورنمنٹ کی نشانی ہے اس وجہ سے ہم نے [illegible]

قائد ایوان عبداللطیف : ہم وہ وجوہات معلوم کرنا چاہتے ہیں وہ ہمیں بتائی جائیں۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی : اس میں کوئی خاص مجبوری نہیں تھی۔ یہ مجبوری تھی۔

جناب چیئرمین : بہرحال یہ بات ختم ہو گئی۔ آپ کیا کہنا چاہتے ہیں بارہ در سعید صاحب۔

انوار الحق بارہ در سعید : چہ کار ہے کند عاقل.....

جناب چیئرمین : اچھا ہے مجھے فارسی نہیں آتی۔

Yes, Mr. Sartaj Aziz Sahib, this stands disposed of, what about the next adjournment motion moved by you on the 5th of December, 1989.

جناب سرتاج عزیز: یہ adjournment motion. ایڈمٹ ہو گئی تھی۔ اس کا میں نے حوالہ دیا تھا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: کیا وہ بھی واپس لے لیا آپ نے؟

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی: اگر مجھے بات کرنے کی اجازت ہو تو ممکن ہے وہ بھی اپنی تحریک واپس لے لیں۔

جناب چیئرمین: سن لیں جی شاید وہ بھی واپس ہو جائے تو بات ختم ہو جائے گی۔

ڈاکٹر شیرافگن خان نیازی: بات یہ ہے کہ واپس لینے کی بات اس میں نہیں تھی باقاعدہ طور پر ہر چیز رولز میں موجود ہے ۱۹۷۰ء سے lateral entry ہوتی رہی ہے اور تمام اس عرصے کے دوران بھی شروع رہی ہے لیکن اب اس گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس طرح سے کوئی lateral entry نہیں ہو گی اور اس پر عمل درآمد نہیں ہو گا لہٰذا میں محرک سے استدعا کرتا ہوں وہ اس تحریک کو واپس لے لیں حالانکہ رولز میں یہ گنجائش موجود ہے قانونی طور پر ہو سکتی ہے ہوتی رہی ہے اور پھر بھی ہو سکتی ہے لیکن اس ہاؤس کے تقدس کو دیکھتے ہوئے اور معزز رکن کے دلائل پر گورنمنٹ نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ ہم اس پر عمل نہیں کریں گے۔

جناب چیئرمین: جی سرتاج عزیز صاحب۔

جناب سرتاج عزیز: سب سے پہلے تو میں یہ clarify کرنا چاہتا

ہوں رولز میں lateral entry کی سرے سے direct induction into service گنجائش نہیں ہے۔ یہ ۱۹۷۳ء یا ۱۹۷۴ء میں ہوئی ہو تو ہوئی ہو۔ اس کے بعد ۱۹۷۸ء میں فیڈرل پبلک سروس کمیشن آرڈیننس issue ہوا اس کے مطابق رولز بنے جس کے ذریعے گریڈ ۱۶ اور اوپر کی اسامیاں صرف پبلک سروس کمیشن کے ذریعے سے پُر ہو سکتی ہیں سوائے تین صورتوں کے

post specified in the schedule, on contract for two years, adhoc appointment for six months.

جو شیڈول ہے اس میں صرف ۱۵ اسامیاں ہیں جو پبلک سروس کمیشن کے بغیر ہو سکتی ہیں۔

Private Secretaries to the Ministers, post connected with cypher control and management in the Ministry of Foreign Affairs.

اور ڈیفنس پروڈکشن جو پاکستان آرڈیننس کی ہیں Intelligence Bureau آئی ایس آئی اس کے علاوہ کوئی پوسٹ نہیں ہو سکتی.....

جناب چیئرمین: اب اس بحث میں کیا پڑنا.....

جناب سرتاج عزیز: بات یہ ہے یہ اب بھی کہتے ہیں کہ رولز میں گنجائش موجود ہے لیکن ہم نہیں کر رہے۔ میں کہتا ہوں۔ رولز میں گنجائش نہیں ہے یہ سروسز میں direct induction in grade 17 سوائے کنٹریکٹ پر اور ایڈہاک پر نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین: اس میں ان کا ایک نقطۂ نظر ہے یہ legal opinion کی بات ہے اپنا فیصلہ انہوں نے واپس لے لیا ہے.....

جناب سرتاج عزیز: میں عرض کروں گا کہ اس میں اس وقت انہوں نے ایک Recruitment Board بنایا تھا اور ۳۰ ستمبر کو ایک سرکلر ایشو کیا تھا

جس میں اس بورڈ کی تشکیل کا اعلان تھا اور لوگوں سے کہا گیا کہ آپ recommendations دیں۔ اس کے بعد اس پر اس طریقے سے تو کام روک دیا جو Recruitment Board کے through ہوا ہے لیکن اخبارات میں اب بھی آرہا ہے کہ منسٹری آف فارن آفیئرز میں اور منسٹری آف انفارمیشن میں انہوں نے direct entry کی ہے جس میں دو rinstatements فارن آفیئرز میں اور تین appointments ہیں لیکن ایک بھی direct appointment سروسز رولز کے تحت پاکستان فارن سروس میں allowed نہیں ہے۔ اس لئے جس طریقہ کار کے تحت یہ دو سو چار سو اسامیوں پر بھرتی کرنا چاہتے تھے under the Federal Recruitment Board وہ تو انہوں نے کم کر دیا ہے۔ لیکن چند ایک منسٹریز میں ڈیپارٹمنٹس میں اور سروسز میں اب بھی رولز کی خلاف ورزی کی جارہی ہے اس لئے میں وزیر صاحب سے پوزیشن clarify کرانا چاہتا ہوں کہ جو اس وقت رولز کے مطابق ہے میں یہ بھی clarify کردوں کہ circular یا memorandum, اگر ایشو ہوں اور جو انتہائی قانون ہے اس کے خلاف ہوں تو ان کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور یہ جسے رولز کہتے ہیں جس کو گورنمنٹ خود issue کر سکتی ہے اس کا سہارا لے کر ایسا اقدام نہیں کر سکتے جو basic legislation ہے اس کے خلاف ہو۔ یا اس کے منافی ہو اس لئے اس پوائنٹ کو clarify کرنا بڑا ضروری ہے اب بھی آپ نے اخبارات میں پڑھا ہوگا کہ foreign service کے تمام افسروں نے representation کی ہے کہ آپ کیسے ۱۸، ۱۹، ۲۰ میں لوگوں کی parallel induction کر رہے ہیں اس میں ہماری سروسز کی حیثیت بھی خراب ہوگی ان کا Morale بھی خراب ہوگا اور پوری روایات جو سروسز کی ہیں.....

جناب چیئرمین: معلوم یہ ہوتا ہے کہ یہ معاملہ بھی ابھی بحث طلب ہے۔ تو.....

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: جناب والا! میں یہاں ایک clarification

[Dr. Sher Afgan Khan Niazi]

رنا چاہتا ہوں اب فاضل رکن نے یہ تسلیم کر لیا ہے رولز میں یہ گنجائش
وجود ہے۔

جناب سرتاج عزیز: میں نے کہاں کہا ہے۔

ڈاکٹر شیر افگن خان نیازی: ابھی آپ نے کہا ہے۔

جناب چیئرمین: بہر حال اب آپ سن لیں ناں۔

Dr. Sher Afgan Khan Niazi: Further I want to clarify it so tha should be quite clear that there is a provision in the rules. They are taker be as a part of the law, they are applicable, they are applied. But, I h made it very clear that against law and rules nothing shall be carried out. far as it was carried out in this concept that we are inducting people aga law and rules, if anything happens like that and pointed out it shall rectified. I give you the surety on the floor.

Mr. Chairman: Yes, Ahmad Mian Soomro Sahib. All right, requires consideration we will take it up.

Mr. Ahmedmian Soomro: Will the Minister give assurance that al ad hoc appointments made will be regularized according to the prescr qualifications and rules.

جناب چیئرمین: اس ساری بات سے جو بات نکلتی ہے وہ یہ ہے
اس پر بحث ہونی چاہیئے۔

Mr. Chairman: So, we will take it up on the next date.

Yes Mr. Jehangir Shah Jogezai.

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: اس میں ایک بات رہ گئی ہے، وہ ٹرانسفر

آفیسر جسے آپ فیڈرل گورنمنٹ کی سروس میں لیتے ہیں وہ فیڈرل سروس کمیشن کے ذریعہ سے نہیں لیا جاتا، بلکہ ان کا اپنا ایک بورڈ ہے۔ جس وقت یہ پبلک سروس کمیشن میں تھا تو اس وقت کے چیئرمین نے صدر پاکستان کے ساتھ یہ مسئلہ اٹھایا کہ یہ افسران بھی فیڈرل سروس کمیشن کے ذریعہ سے آئیں مگر وہ نہیں مانے تھے اس لئے اس پہلو پر بھی غور کرنے کی ضرورت ہے کہ اسے بھی اس میں لایا جائے۔

Mr. Chairman: Now, if you are all agreed we will adjourn the House nd meet again on Sunday which will the 6th of May, 1990 at 19.00 AM.

(interruption)

Mr. Ahmedmian Soomro: Then this report of the Special Committee n the Situation in Sind will also be taken up?

Mr. Chairman: Yes, this will also be taken up. On Sunday, we will take up as the last item, if you all agree.

Mr. Ahmedmian Soomro: What about OSDs? They are doing no work.

(interruption)

Mr. Chairman: About the timing of the session, we get the sense of e House.

(pause)

Mr. Chairman: The sense of the House is that the session should be ld in the morning.

So, we adjourn till 10.00 AM. on 6th of May, 1990.

[The House adjourned to meet again at ten of the clock in the morning on Sunday, 6th May, 1990]